ترحیم ادارہ

مسافران آخرت

محترم حکیم محمد صدیق تارڑ رحمتہ اللہ علیہ:

مجلس احرار اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن محترم حکیم محمد صدیق تارڑ ۱۵۔ شعبان ۱۴۲۱ھ مطابق ۱۲ نومبر ۲۰۰۰ء بروز اتوار طویل علالت کے بعد مرید کے میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم مجلس احرار اسلام کے بزرگ ترین کارکنوں میں شمار ہوتے تھے۔ انہیں حضرت امیر شریعت حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاری، مفکر احرار چودھری افضل حق اور دیگر اکابر احرار کی رفاقت کا شرف حاصل تھا۔ مجلس احرار اسلام سے ان کی وابستگی ۶۵ سال پر محیط ہے۔ تحریک آزادی اور تحریک تحفظ ختم نبوت کے تمام ادوار میں ان کا جرأت مندانہ کردار اور ایثار تاریخ کا زریں باب ہے۔ اُن کی نمازِ جنازہ امیر احرار حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری نے پڑھائی اور جماعت کا پرچم لپیٹ کر سپردِ خاک کیا گیا۔ لاہور سے اُن کے دیرینہ رفیق اور جماعت کے مرکزی نائب صدر محترم چودھری ثناء اللہ بھٹہ صاحب، محترم میاں محمد اویس صاحب اور دیگر احرار کارکن حضرت پیرجی مدظلہ کے ہمراہ نمازِ جنازہ میں شریک ہوئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی دینی خدمات قبول فرمائے اور اُنہیں جوارِ رحمت جگہ عطاء فرمائے۔ (آمین)

مولانا محمد لقمان علی پوریؒ:

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا محمد لقمان علی پوری ۱۶ نومبر کو دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کو اپنی تبلیغی زندگی کے آغاز میں حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ، مولانا محمد علی جالندھریؒ اور قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمہم اللہ کی صحبت اور رفاقت میسر آئی۔ جمعیت علماء اسلام کے سٹیج سے ان کی دینی و تبلیغی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔

مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی: جامعہ خیر المدارس ملتان کے استاذ اور ممتاز مناظر مولانا محمد امین صفدر گزشتہ ماہ اچانک انتقال کر گئے۔

محترم شیخ حافظ بشیر احمد مرحوم: حضرت مولانا محمد شفیع رحمتہ اللہ علیہ (کبیر والا) کے بھائی اور شیخ خلیل احمد اور ڈاکٹر جہانگیر صاحب کے والد انتقال کر گئے۔

- محترم چودھری نورالدین صاحب (رکن مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان) کی خوشدامن مرحومہ
- محترم غلام حسین احرار (صدر مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان) کے ماموں حاجی خدا بخش مرحوم
- مولانا شبیر احمد سعید (مہتمم مدرسہ امیر معاویہ بلال مسجد جلال پور پیروالا) کی اہلیہ مرحومہ
- سارہ ایجوکیشن سنٹر جلال پور پیروالا کی پرنسپل صاحبہ کی خالہ مرحومہ

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ رمضان المبارک کی رحمت بھری ساعتوں میں ان تمام مرحومین اور پوری امت کے مرحومین کے لئے دعاء مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔

اراکینِ ادارہ دعاء مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان کے غم میں شریک ہیں۔